بسم الله الرحمن الرحيم

THE
NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

____

Thursday, the 20th August, 2026

____

TABLE OF CONTENTS

1. RECITATION FROM THE HOLY QUR`AN 1
2. RECITATION OF HADITH 1
3. RECITATION OF NAAT 2
4. NATIONAL ANTHEM 2
5. STARRED QUESTIONS AND ANSWERS 2
6. ANNOUNCEMENT *REG*: THE PRESENCE OF STUDENTS AND FACULTY MEMBERS FROM NATIONAL OFFICERS ACADEMY, ISLAMABAD IN THE GALLERY 20
7. STARRED QUESTIONS AND ANSWERS 21
8. UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS 63
9. LEAVE OF ABSENCE 75
10. CALLING ATTENTION NOTICE *REG*: INFRASTRUCTURE FACILITIES AND OPERATIONAL CONDITION OF JINNAH INTERNATIONAL AIRPORT, KARACHI -*(ANSWERED)* 76
11. THE NATIONAL COMMAND AUTHORITY (AMENDMENT) BILL, 2026 -*(INTRODUCED)* 82
12. THE DEFENCE FORCES OF PAKISTAN BILL, 2026 - *(INTRODUCED)* 82
13. MOTION FOR SUSPENSION OF RULE 122 IN ORDER TO TAKE UP THE ITEM NOS. 3D TO 3G - *(ADOPTED)* 82
14. THE NATIONAL COMMAND AUTHORITY (AMENDMENT) BILL, 2026 - *(PASSED)* 87
15. THE DEFENCE FORCES OF PAKISTAN BILL, 2026 - *(PASSED)* 88
16. MOTION FOR CONDONATION OF DELAY IN THE PRESENTATION OF REPORT -*(ADOPTED)* 89
17. REPORT ON THE NATIONAL COLLEGE OF ARTS INSTITUTE (AMENDMENT) BILL, 2025 - *(PRESENTED)* 89
18. MOTION FOR CONDONATION OF DELAY IN THE PRESENTATION OF REPORT -*(ADOPTED)* 90
19. REPORT ON THE COPYRIGHT (AMENDMENT) BILL, 2026- *(PRESENTED)* 90
20. REPORT ON THE PAKISTAN AIR SAFETY INVESTIGATION (AMENDMENT) BILL, 2026 - *(PRESENTED)* 90
21. MOTION FOR CONDONATION OF DELAY IN THE PRESENTATION OF REPORT -*(ADOPTED)* 91
22. REPORT ON THE PUBLIC PRIVATE PARTNERSHIP AUTHORITY (AMENDMENT) BILL, 2026 - *(PRESENTED)* 91
23. REPORT ON THE CARRIAGE OF GOODS BY SEA BILL, 2025 - *(PRESENTED)* 92
24. REPORT ON THE SEA CARRIAGE SHIPPING DOCUMENTS BILL, 2025 - *(PRESENTED)* 92

NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN
ASSEMBLY DEBATES

———————

Thursday, the 20th August, 2026

———————

The National Assembly of Pakistan met in the National Assembly Hall (Parliament House) Islamabad, at 02:07 p.m. with the honourable Speaker (Sardar Ayaz Sadiq) in the Chair.

———————

RECITATION FROM THE HOLY QUR`AN

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿۱﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ﴿۲﴾ الَّذِیْۤ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ﴿۳﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿۴﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ
یُسْرًا ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ﴿۶﴾ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ﴿۷﴾ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ﴿۸﴾

(سورۃ الانشرح، آیات: 1تا8)

[ترجمہ: پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کی شیطان مردود سے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

(اے پیغمبر) کیا ہم نے تمہاری خاطر تمہارا سینہ کھول نہیں دیا؟ اور ہم نے تم سے تمہارا وہ بوجھ اُتار دیا ہے۔ جس نے تمہاری کمر توڑ رکھی تھی۔ اور ہم نے تمہاری خاطر تمہارے تذکرے کو اُونچا مقام عطا کر دیا ہے۔ چنانچہ حقیقت یہ ہے کہ مشکلات کے ساتھ آسانی بھی ہوتی ہے۔ یقیناً مشکلات کے ساتھ آسانی بھی ہوتی ہے۔ لہٰذا جب تم فارغ ہو جاؤ تو (عبادت میں) اپنے آپ کو تھکاؤ۔ اور اپنے پروردگار ہی سے دل لگاؤ۔]

RECITATION OF HADITH

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ: رَدُّ السَّلَامِ، وَعِیَادَةُ الْمَرِیْضِ، وَاتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ، وَ إِجَابَةُ الدَّعْوَةِ، وَتَشْمِیْتُ الْعَاطِسِ

[ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مسلمان کے مسلمان پر پانچ حقوق ہیں۔

1۔ سلام کا جواب دینا، 2۔ بیمار کی مزاج پرسی کرنا، 3۔ جنازوں میں پیچھے چلنا، 4۔ دعوت کا قبول کرنا، 5۔ چھینکنے والے کی چھینک کا جواب دینا۔]

RECITATION OF NAAT

ہوا جلوہ گر آفتاب رسالت

زمیں جگمگائی فلک جگمگایا

مٹی دہر سے کفر و باطل کی ظلمت

زمیں جگمگائی فلک جگمگایا

اجالا صداقت، محبت، وفا کا

کراں تا کراں ساری دنیا میں پھیلا

ملی نوع انساں کو راہ ہدایت

زمیں جگمگائی فلک جگمگایا

جو پھوٹی کرن خانہ آمنہ سے

زمانہ چمک اٹھا اس کی ضیا سے

ہوئی سرور انبیاء کی ولادت

زمیں جگمگائی فلک جگمگایا

NATIONAL ANTHEM

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

جناب سپیکر: اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ Question Hour. Question No. 95, Mr. Mohammad Ilyas Choudhary Sahib.

جناب محمد الیاس چوہدری: شکریہ جناب سپیکر! یہ میرا question تقریباً پانچ ماہ سے پڑا ہوا ہے اور متعلقہ وزارت جواب دینے سے ہی قاصر ہے۔ برائے مہربانی ان کو حکم دیں کہ میں نے کھاریاں کے بارے میں ایک بات پوچھی تھی، اس کا جواب تو کم از کم دے دیں۔ چار مہینے سے جواب تک نہیں آ رہا۔

Mr. Speaker: Minister for Parliamentary Affairs. Law Minister Sahib.

وزیر برائے قانون و انصاف و انسانی حقوق (سینیٹر اعظم نذیر تارڑ): سر، he is in the building, دس منٹ میں آ جائیں گے۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب یہ question جو ہے، آج ہمارا 29th Session ہے۔ 26th, 27th, 28th and 29th یہ کیوں نہیں answer آیا؟

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir! it is very unfortunate. Let me get. . . .

جناب سپیکر: یہ Inter-Provincial Coordination سے کوئی صاحب تشریف رکھتے ہیں؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: سر! IPC سے، میں ابھی check کرا لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: افسر بھی کوئی ہے یا نہیں ہے؟ طارق فضل چوہدری صاحب this is the 29th Session, 26th Session, 27th Session, 28th Session and 29th Session. Can you tell me Inter-Provincial Coordination کا جواب کیوں نہیں آیا؟ اور کوئی افسر یہاں تشریف نہیں رکھتے؟ منسٹری کے کوئی افسر تشریف رکھتے ہیں؟

وزیر برائے پارلیمانی امور (ڈاکٹر طارق فضل چوہدری): سر! اس میں اگر آپ اجازت دے دیں۔ جی۔ سر! اس میں گزارش یہ ہے کہ جو جو ہمارے honourable colleagues, Ministers حضرات busy تھے یا ابھی session میں question answer کے دوران نہیں پہنچ سکے تو انہوں نے مجھے رجوع کیا تھا اور ان کا Business میرے پاس ہے جس میں Interior اور ایک دو اور questions ہیں۔ لیکن IPC سے مجھے اطلاع نہیں دی گئی کہ ان کے سوالوں کا جواب کون دے رہا ہے یا وہ خود کیوں نہیں آ رہے۔ میں سر! پتہ کر لیتا ہوں مجھے پانچ دس منٹ دیں۔

جناب سپیکر: نہیں پتہ نہیں کر لیتے۔ یہ چوتھا سیشن ہے۔ اگر آپ نے seriously نہیں لینا یہ Business تو پھر نہیں کرتے Question Hour. This is not appropriate کہ چار سیشن ہو گئے ہیں اور آپ 26th Session سے 29th Session تک پہنچ گئے ہیں۔ تو میں ان کو کیا جواب دوں؟ اور کوئی افسر صاحب نے بھی زحمت نہیں کی Inter-Provincial Coordination سے آنے کی۔ ڈاکٹر صاحب؟

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: آج ہی ان شاءاللہ، I will make sure اس کو آج ہی ان شاءاللہ reply کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: لیکن that is good enough ان شاءاللہ آ جائیں گے۔ پلیز آپ Secretary Inter-Provincial Coordination کو بلائیں، ان کو بٹھائیں۔ ان کا کوئی representative نہیں بیٹھا۔ بس اگر اس طرح ہی treat کرنا ہے تو میرا خیال ہے ہم Question Hour نہ ہی کریں تو بہتر ہے۔ لاء منسٹر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: نہیں سر، بڑی سخت معذرت اور ان شاءاللہ۔ سر! میں ابھی take up کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: نہیں معذرت کیا، ان کا کوئی افسر بھی نہیں آیا۔ میں نے Secretaries کو exempt کیا ہوا ہے۔ Additional Secretaries کو exempt کیا ہے کہ وہ کام کر رہے ہیں۔ Joint Secretaries آجائیں۔ انہوں نے بھی گوارا نہیں کیا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: نہیں سر، یہ ہو ہی نہیں سکتا۔ بالکل یہ practice کو ہر صورت میں ہم نے deprecate کرنا ہے اور میں سر! ابھی رانا ثناءاللہ صاحب سے take up کرتا ہوں، وہ دیکھتے ہیں۔

جناب سپیکر: ابھی تو کریں گے، اس کا کیا جواب ہے؟ Parliamentary Affairs مجھے جواب دیں اس کا۔ ڈاکٹر صاحب مجھے جواب دیجیے اُس کا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: انہوں نے explain کیا ہے۔

جناب سپیکر: انہوں نے explain کیا، ان کے staff نے بھی آنا گوارا نہیں کیا؟ یہ آپ لوگوں کی وہ توضیح کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: ان سوالوں کا آج ہی جواب دیں گے سر، ان شاءاللہ۔

جناب سپیکر: اس سے کیا ہوگا؟ آپ Minister for Parliamentary Affairs ہیں، جب یہ print ہوتے ہیں تو آپ یہ بھی دیکھا کریں۔ That why there are no answers اب آپ ایک کام کریں۔ ان کے Secretary کو، Additional Secretary کو، Joint Secretary کو، Deputy Secretary کو، SO کو، ان سب سے کہیں آپ آ کے بیٹھ جائیں اور وہ تب تک بیٹھے رہیں گے یہاں جب تک proceedings ختم نہیں ہوتیں۔ They should be here in five minutes چوہدری صاحب اگر یہ next نہ آئے، you move a privilege motion against the Minister for Parliamentary Affairs and the concerned Minister. جی، رمیش لال صاحب، not present. ڈاکٹر صاحب میرا خیال ہے Please get them here. They all should be here. جی اگلا سوال، شائستہ پرویز صاحبہ۔

محترمہ شائستہ پرویز: شکریہ جناب سپیکر! Speaker Sahib! My question is that آپ نمبر دیکھیں، تعداد جو یہ خود بھی acknowledge کر رہے ہیں۔

جناب سپیکر: سوال نمبر بتا دیں۔

محترمہ شائستہ پرویز: سوال نمبر 56۔

<u>PAKISTANI WORKERS WHO DIED ABROAD</u>

56. * Ms. Shaista Pervaiz:

Will the Minister for Overseas Pakistanis and Human Resource Development be pleased to state:

a) **country-wise the number of Pakistani workers who died abroad during the last two years;**
b) **the amount of welfare assistance and compensation disbursed to their families against claims received;**
c) **the number of complaints of fraud lodged against licensed overseas employment promoters and the action taken so far; and**
d) **the steps being taken by the Government to protect workers from exploitative recruitment?**

Minister for Overseas Pakistanis and Human Resource Development (Chaudhry Salik Hussain): (a) The detail of country-wise number of Pakistanis workers who died abroad during the last two years is as below:

Sr. No.	Country	No. of Dead Bodies
1.	Saudi Arabia	575
2.	United Arab Emirates (UAE)	104
3.	Malaysia	35
4.	Libya	13
5.	United Kingdom (UK)	10
6.	Oman	16
7.	Qatar	19
8.	Italy	02
9.	Japan	05
10.	Germany	02
11.	Bahrain	09
12.	Turkiye	06
13.	Spain	03
Total		**799**

(b) <u>Financial Aid</u>

An amount of Rs.1.3 billion has been disbursed on account of financial aid assistance to the 3,498 families of deceased/disable overseas Pakistanis.

<u>Dues Section</u>

An amount of Rs.753.29 million has been disbursed to 294 families of overseas Pakistanis on account of pending dues from the host countries i.e. Pak Missions Riyadh, Abu Dhabi, Dubai, Kuwait, Qatar and Bahrain.

(c) As per MIS-BEOE record, following are the details of the number of complaints lodged, decided / closed, amount forfeited, OEP Licenses Cancelled, Suspended, Complaints referred to the FIA.

Year	Complaints Received			Closed	Forfeited to State in PKR	License Cancelled	License Suspended	Complaints Referred to FIA	Pending at the End of Year
	Fresh	Pending of Previous Years	Total						
2019	335	850	1185	495	75,85,000/-	23	34	245	445
2020	329	445	774	236	3,486,000/-	10	21	102	436
2021	455	436	891	225	615,000/-	01	13	91	575
2022	421	575	998	382	920,000/-	02	12	55	561
2023	426	561	987	339	36,285,000/-	138	03	20	628
2024	394	628	1022	177	103,595,000/-	652	16	111	845
2025	397	845	1242	377	22,250,000/-	74	07	101	865
2026	231	865	1096	306	8,660,000/-	10	16	52	790

(d) The Government has undertaken a comprehensive set of legal, regulatory and administrative measures to safeguard Pakistani workers from exploitative recruitment practices and to promote safe, orderly and regular labour migration. These measures include:

1. **Strict Licensing Regime**
   Only licensed Overseas Employment Promoters (OEPs) are authorized to recruit Pakistani workers abroad under the provisions of the Emigration Ordinance, 1979 and the Emigration Rules, 1979. Licensing is subject to prescribed eligibility criteria, security deposits and continuous regulatory oversight.
2. **Verification of Foreign Demand**
   Foreign employment demands are thoroughly scrutinized and verified before permission is granted for recruitment to ensure the authenticity of foreign employers and job opportunities.
3. **Mandatory Registration and Emigration Clearance**
   All intending emigrants proceeding through OEPs are required to obtain Protector of Emigrants registration and emigration clearance before

departure, thereby ensuring verification of employment contracts and compliance with applicable laws.

4. **Regulation of Recruitment Charges**

   Recruitment charges recoverable by licensed OEPs are regulated by the Government. Unauthorized collection of excessive charges is treated as a violation of the law and is liable to disciplinary proceedings.

5. **Complaint Redressal Mechanism**

   The Bureau maintains an institutional complaint handling mechanism whereby complaints against licensed OEPs are investigated. Appropriate legal and administrative action, including issuance of show cause notices, suspension or cancellation of licences, forfeiture of security deposits, recovery of amounts from defaulting OEPs and initiation of legal proceedings, is taken wherever violations are established.

6. **Pre-Departure Orientation**

   Intending emigrants are provided mandatory pre-departure briefing and awareness regarding their contractual rights and obligations, labour laws of destination countries, grievance redress mechanisms and safe migration practices.

7. **Digital Reforms**

   The Bureau has progressively introduced digital systems for registration, processing of emigrants, verification of documents and regulatory oversight to enhance transparency, reduce opportunities for fraud and improve service delivery.

8. **Public Awareness**

   The Government regularly disseminates public awareness messages through print, electronic and social media advising intending emigrants to seek overseas employment only through licensed OEPs and to avoid illegal recruitment agents and human smugglers.

9. **International Cooperation**

   Pakistan continues to strengthen bilateral labour agreements and cooperation with destination countries and international organizations, including the International Labour Organization (ILO) and the

International Organization for Migration (IOM), to promote ethical recruitment and protection of migrant workers.

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary please.

محترمہ شائستہ پرویز: یہاں پہ they are acknowledging کہ کتنے لوگ 799 people who have died abroad. پہلے PIA جی ان کو لے کر آتا تھا، وہ mechanism تھا، but now that PIA has privatized تو اب انہوں نے کیا mechanize design کیا ہے؟ کس طرح ان کی bodies واپس آئیں گی؟

جناب سپیکر: جی۔ محمد عون ثقلین صاحب۔ طارق فضل صاحب آپ جواب دیں گے؟

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: سر! یہ Overseas Ministry کا سوال ہے اور ان کے Minister ابھی نہیں آئے ہیں۔ صبح کابینہ کی میٹنگ تھی۔ تو میرا خیال ہے اس کے بعد کچھ زیادہ مصروف ہو گئے ہیں۔

Mr. Speaker: The proceedings of the House are suspended for 15 minutes.

(ایوان کی کارروائی پندرہ منٹ کے لئے ملتوی کر دی گئی)

(ایوان کی کارروائی 2:40 منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر دوبارہ شروع ہوئی)

جناب سپیکر: السلام علیکم، شائستہ پرویز صاحبہ سوال کیجئے۔

محترمہ شائستہ پرویز: میرا سوال تھا کہ جو ہمارے پاکستانیوں کی dead bodies ہوتی ہیں، پہلے انہیں PIA لے کر آتا تھا، لیکن اب PIA privatize ہو گئی ہے، تو اب کیا mechanism ہے اور یہ کس طرح ہو گا؟ اور میں اگر دوسرا سوال بھی ساتھ ہی کر دوں۔

جناب سپیکر: عون صاحب کا mike کھولیں۔

وزیر مملکت برائے سمندر پار پاکستانی و ترقی انسانی وسائل (جناب محمد عون ثقلین): شکریہ، جناب سپیکر! میں معذرت خوا ہوں، تھوڑی سی دیر ہو گئی۔ ہمارے ایک employee کا کوئی حادثہ ہوا تھا۔

جناب سپیکر! میرے honourable Member نے مجھ سے سوال پوچھا ہے یہ 799 dead bodies ہیں جو پاکستانی workers کی آئی ہیں پچھلے 2 سال میں۔ پاکستانیوں کا جو data ہے وہ اس سے زیادہ ہے، لیکن یہ جو ہمارے workers وہاں پہ جو کام کرتے ہیں، جو مختلف ممالک میں ہیں، ان کا data ہے جیسے سعودی عرب ہے، یو اے ای ہے، باقی جو گلف کے ہیں، اٹلی ہے، جرمنی ہے، تو ان کی میں نے اس میں

دے دی ہے۔ایک ملین ان کو death compensation ملتی ہے جی،اور اگر ان کی کوئی disability ہو تو ان کو بھی one million تک ملتی ہے۔

جناب سپیکر: ان کا سوال یہ تھا کہ ان لوگوں کو پہلے PIA facilitate کرتی تھی، تو اب کوئی mechanism ہے bodies واپس لانے کا؟

جناب محمد عون ثقلین: جی جی، ابھی بھی PIA ہی ہے جی۔

جناب سپیکر: جن ممالک میں PIA نہیں جاتی۔

جناب محمد عون ثقلین: نہیں جی، میرے خیال سے ابھی تو جن ممالک میں PIA جاتی ہے، ان سب کو OPF اور جو باقی department ہیں، ان کی ذمہ داری لیتے ہیں۔

جناب سپیکر: اٹلی، جرمنی۔

جناب محمد عون ثقلین: جی سر، اٹلی، جرمنی، جاپان، بحرین، ترکیہ، سپین۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہاں تو PIA نہیں ہے ناں؟ جہاں PIA نہیں ہے، ان کا مقصد یہ تھا کہ ان کو کس طرح facilitate کرتے ہیں وہاں سے لانے کے لئے۔

جناب محمد عون ثقلین: سر! اس میں OPF دوسری airline کو organize کرتا ہے اور ان کے ساتھ combination بنا کے route کا، تو پھر dead bodies کو لایا جاتا ہے پاکستان میں۔

جناب سپیکر: مقصد تھا وہ PIA free of cost لاتا تھا، تو یہ کیسے لاتے ہیں؟ Anyways عالیہ کامران صاحبہ، supple-mentary کیجئے۔

محترمہ عالیہ کامران: میرا سوال یہ ہے کہ overseas میں اس وقت EOBI میں pensioner کی پنشن 11500 روپے ہے۔ان کی investment جو یہ کر رہے ہیں اس کے ذریعے جو ان کو 700 ارب روپے آتا ہے ۔ More than 700 billion investment ہے۔جو ہم نے EOBI بنایا ہے وہ workers کی welfare کے لیے بنایا گیا ہے۔ان کی پنشن نہیں بڑھائی جا رہی ہے۔جس مقصد کے لیے بنایا جاتا ہے ۔ تو اتنی investment کے باوجود کیا کوئی ایسی تجویز ہے کہ ان کی pensions کو بڑھایا جا سکے، کیونکہ 11500 روپے وہ ناکافی ہے۔

جناب سپیکر: جی Minister for Overseas۔

جناب محمد عون ثقلین: شکریہ جناب سپیکر، جناب سپیکر! جو EOBI میں ہم نے پینشن کو بڑھایا ہے۔ میں، اس میں details اپنی Member صاحبہ کو دے دوں گا، جو ہم نے yearly basis پر اپنے EOBI کے workers ہیں، ان کی پچھلے سال کی ساری details اس میں لکھی ہیں۔

دوسری بات یہ ہے، جناب سپیکر! ہم نے اس میں mechanism بنایا ہے ناں، جو ہمارے EOBI کے members ہوتے ہیں، ان کے لئے maximum facilitation ہم ہر سال 15 % to 30 % expansion بھی ہم کرتے ہیں جو بہترین ان کے لئے ہو سکے اس میں ہم add کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، supplementary سوال، شازیہ مری صاحبہ۔

شازیہ مری: بہت شکریہ سپیکر صاحب، بہت ہی detailed answer ہے اور بہت ہی important question ہے۔ میں صرف یہ پوچھنا چاہوں گی کہ یہاں پر بہت سارے Ministry نے steps لیے ہیں، to ensure that Pakistani labour جاتے ہیں، ان کی safety, security and ان کے ساتھ فراڈ، یہ تمام چیزوں سے وہ protected رہیں۔ There's a number of steps they have taken, but I would like to know اگر ہمیں honourable Minister صاحب بتائیں کہ اتنے سارے steps لینے کے بعد کیا کوئی ایسی assessment کی گئی ہے جس سے پتا چل سکے کہ ان steps کے positive اثرات کیا ہوئے ہیں، کیونکہ آج تک ہمیں complaints آتی ہیں جو لوگ کام کی تلاش میں باہر جاتے ہیں، پھر exploit ہوتے ہیں، تکلیفوں سے گزرتے ہیں، اذیت سے گزرتے ہیں اور وہاں جا کر بھی انہیں وہ opportunities نہیں ملتی، تو یہ تمام steps لینے کے بعد ایسا کیا ان کو فرق نظر آیا ہے اور اس کی کس طریقے سے انہوں نے assessment کی ہے؟ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر : جی Minister صاحب۔

جناب محمد عون ثقلین: جی، بڑا important سوال میری بہن نے کیا ہے۔ یہ دیکھیں جی، ہمارے جو Community Welfare Attachés ہیں، وہ ہر جگہ پہ ہیں، Gulf میں بھی ہیں، Europe میں بھی ہیں۔ اور جیسے ہی کوئی ایسا حادثہ ہوتا ہے، ہمارے پاس اس کی proper detail ہوتی ہے۔ جیسے prisoners ہیں، ہمارے جو CWOs ہیں، وہ جاتے ہیں، ان کی جو بھی date ہوتی ہے، اس کے اوپر وہ proper اس کو proceed کرتے ہیں۔ اگر ان کو جرمانے ہوتے ہیں، یا ان کو سزا ہو جاتی ہے، تو اس کے اوپر باقاعدہ ایک کمیونٹی بیٹھتی ہے اور وہ prioritize کرتے ہیں، اگر پہلی date میں ان کو اگر کوئی fine ہوا ہے، تو وہ pay کروا کے ان کو release کروایا جاتا ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ، ہم نے death compensation بھی رکھی ہے۔ اگر کسی کا حادثہ ہو جاتا ہے، پاکستانی worker کوئی disable ہو گیا ہے، اس کے لئے علیحدہ ایک OPF fund کا ہے۔ اگر خدانخواستہ کوئی اللہ کو پیارا ہو گیا، ہمارا کوئی overseas worker ،

ان کی certification ہوتی ہے OEB کے through بھی جو جاتے ہیں، وہ بھی certified ہوتے ہیں، insured ہوتے ہیں۔ ان کی اگر کسی کی disability ہوگئی ہے، تو اس کے لئے علیحدہ OPF نے اپنا role ادا کرنا ہوتا ہے اور ان کی compensation ہم اس کو pay کرتے ہیں۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: جی، شکریہ۔ Next question ڈاکٹر نفیسہ شاہ صاحبہ۔ اس کا بھی جواب نہیں آیا۔ میں نے Minister Parliamentary Affairs اور Secretary کو بلایا تھا۔ ایک تو he is going to give me in writing the reason for not sending these، دوسرا، he is going to take action against the gentleman, the officer who was supposed to be present here, he is going to take action either he is going to suspend him till یہ جواب آئے، or he should have a good enough explanation for the Parliament۔ تو وہ یہاں آئے گا۔ Next question، نعیمہ کشور خان صاحبہ۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ Question No. 58 ۔

<u>UNNECESSARY DELAYS IN PROPERTY TRANSFER PROCESSES</u>

58. * Ms. Naeema Kishwer Khan:

Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to state:

a) whether it is a fact that the Capital Development Authority (CDA) requires issuance of a fresh No Demand Certificate (NDC) for every subsequent transfer of a plot, even after all documents and records have already been verified at the time of initial transfer;

b) whether this repeated requirement is causing unnecessary delays, hardship and allegations of corruption in property transfer processes;

c) whether it is also a fact that some genuine allottees have faced cancellation of plots on which houses were already constructed and occupied in Islamabad's Sectors; if so, the reasons thereof;

d) whether any review has been conducted to streamline and simplify the NDC and transfer procedure; and

e) the steps being taken by the Government to eliminate redundant procedures, protect genuine allottees and ensure transparency, efficiency and also providing relief for the public in property-related matters?

Minister for Interior and Narcotics Control (Senator Syed Mohsin Raza Naqvi): (a) Yes As per the prevailing rulers, regulation and prescribed procedure of the Capital Development Authority (CDA) a No Demand Certificate (NDC) required at the time of each transfer. Transfer transaction to ensure that there are no outstanding dues, legal encumbrance, violations or restrictions against the property at the time of transfer. The NDC is issued after verification of the latest status of the Plot. Property Manual Chapter-3 regarding issuance of NDC at Annex-A.

(b) The requirement of obtaining an NDC is a safeguard intended to protect the interests of all stakeholders and to ensure transparency in the transfer process. However, CDA is continuously reviewing and improving its procedures to minimize processing time and facilitate the public through streamlined and digitized services.

(c) cancellation of plots is not carried out arbitrarily. Such action, where applicable, is taken strictly in accordance with the applicable laws, rules and terms & conditions of allotment, after due process.

(d) Yes. CDA periodically reviews its transfer procedures with a view to simplifying processes, enhancing transparency, reducing processing time and improving service delivery. Various reforms, including digitization and automation of estate management process, are under process.

(e) The Government and CDA are undertaking various measures to improve efficiency and public facilitation, including:

- Digitization and automation of estate management and transfer processes.
- Simplification of procedures and reduction of unnecessary documentation, wherever permissible under the rules.
- Strengthening verification mechanisms to safeguard the rights of genuine allottees and purchasers.
- Improving transparency through standardized procedures and enhanced

monitoring.

- Continuous review of rule and SOPs to ensure efficient, transparent and citizen friendly service delivery.

(Annexure has been placed in the National Assembly Library.)

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary question please.

محترمہ نعیمہ کشور خان: جناب سپیکر صاحب! اسلام آباد میں جتنے بھی plots وغیرہ یا جائیدادیں ہیں، وہ یا تو overseas کی ہوتی ہیں، باہر کے لوگوں کی ہوتی ہیں۔ یہ لوگ تو کہہ رہے ہیں کہ ہم اس کی digitalization کر رہے ہیں، لیکن ابھی تک نہیں ہوئی۔ تو کب تک اس کی digitalization کر دیں گے تاکہ ان لوگوں کو آسانی ہو اپنی جائیداد، plot کی منتقلی میں یا جو certificates لیے جا رہے ہیں۔ تو کب تک یہ ممکن ہے، تاکہ لوگوں کو جو یہاں کے بھی رہنے والے اور جو باہر سے بھی ہیں، تاکہ ان کو آسانی ہو۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر طارق فضل صاحب، Parliamentary Affairs۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: بہت شکریہ، honourable Speaker صاحب۔ سر! جس خدشے کا اظہار honourable Member نے کیا ہے، CDA میں property transfer کا باقاعدہ ایک طریقۂ کار ہے اور اس کو follow کیا جاتا ہے اور اس میں authority جو ہے، وہ کسی طرح بھی کوئی flaw اس system میں موجود نہیں ہے۔ ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ زمینوں کے مقدمات میں، اور خاص طور پر جیسے انہوں نے overseas کا ذکر تو بہت زیادہ problems اور issues آتے ہیں، لیکن CDA کے system کے اندر، خاص طور پر جو plots اور commercial units یا CDA residential plots کے record پہ ہیں، ان میں تو کبھی بھی اس طرح کا کوئی fraud، اس طرح کی کوئی illegality دیکھنے میں نہیں آئی۔ لیکن اس کے باوجود اب تمام record کو CDA خواہ وہ زمینوں کا record ہو، خواہ وہ plots کا record ہو، اس کو اب digitize کیا جا رہا ہے اور میرا خیال ہے کہ یہ process انشاءاللہ تعالیٰ اگلے ایک سال کے اندر اندر مکمل ہو جائے گا۔ اس میں پچاس فیصد سے زیادہ کام۔۔۔۔

جناب سپیکر: عون صاحب، یہ Narcotics کا ہے۔ یہ آپ کا سوال نہیں۔ جی، supplementary، ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ صاحبہ۔

ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو: میرا supplementary question یہ ہے کہ CDA میں plots کی duplication بہت ہوتی ہے کہ ایک ہی plot جو ہے، وہ بہت سارے لوگوں کو allot کیا جاتا ہے، تو اس کو ختم کرنے کے لیے کوئی تجویز ہے یا کوئی ایسی policy بنائی گئی ہے کہ اس duplication کو ختم کیا جائے؟ Thank you, Sir۔

جناب سپیکر: جی، ڈاکٹر طارق صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری : سر! یہ جو شکایات اس طرح کی اگر کہیں دیکھنے میں آتی ہیں کہ ایک plot کی جو ownership ہے، وہ دو یا اس سے زیادہ بندوں کے نام پہ ہے، تو basically وہ forge اور جعلی documents ہوتے ہیں، ورنہ CDA کی طرف سے یہ ممکن نہیں ہے کہ ایک plot جو ہے، وہ ایک سے زیادہ بندوں کو allot کیا جائے۔ اس طرح کا کام department سے نہیں ہوتا۔ اگر کوئی جعلی رجسٹری یا جعلی document بنایا جاتا ہے تو اس کے خلاف action ہوتا ہے اور باقی جس طرح میں نے بتایا کہ جب یہ record انشاءاللہ hundred percent digitize ہو جائے گا، تو easy ہوگا، مزید transparent ہوگا اور online بھی یہ ساری facilities ہمارے جو clients ہوں گے، وہ استعمال کر سکیں گے۔

جناب سپیکر : جی، supplementary، شہریار آفریدی صاحب۔

جناب شہریار آفریدی : شکریہ سپیکر صاحب۔ Kindly Order in the House ہو جائے، یہ جو میلہ لگا ہوا ہے یہ اگر kindly بند ہو جائے۔

جناب سپیکر: جی۔ Kindly Order in the House، تشریف رکھیں۔ Kindly تشریف رکھیں۔ جی، supplementary۔

جناب شہریار آفریدی: Sir, CDA supposedly پاکستان کے ہر aspect سے ایک prime example, classic example ہونا چاہیئے۔ آپ کے ملک کی perception کے حوالے سے overseas پاکستانی ہوں یا local investors ہوں، ان کے لئے سب سے بڑا سوالیہ نشان ہے کہ CDA کے اندر ایسی societies ہیں جن کے پاس NOC's نہیں ہیں، ان کی کوئی compliance نہیں ہے۔ In spite of overseas، کو وہ لوٹ چکے ہیں۔ Overseas کی investment اب پاکستان میں کسی بھی حوالے سے وہ بہت بڑا سوالیہ نشان ہے۔ میرا سوال یہ ہے کہ وہ کون سے measures انہوں نے لئے ہیں، اس کو address کرنے کے لئے؟ Thank you۔

جناب سپیکر : جی، ڈاکٹر طارق فضل صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: معزز سپیکر صاحب! جو honourable Member نے بات کی ہے، ادارہ کے حوالے سے، تو time to time اس میں reforms ہوتی رہی ہیں اور جو لوگوں کی شکایات اور مشکلات رہی ہیں، وہ وقت کے ساتھ ساتھ نئی reforms، اپنے CDA Ordinance کے اندر تبدیلیاں، اس کے علاوہ کئی جگہ Cabinet approvals سے ان mechanisms کو change کرنا، بہتر بنانا، یہ اس ادارے کے اندر ہو رہا ہے۔ اور چونکہ سب سے زیادہ جو issues تھے وہ یہاں پہ متاثرین کے تھے۔ جب 1960ء میں CDA معرض وجود میں آیا، تو یہ ساری زمینیں جہاں پہ آج آپ کو Sector Area یا اس کے ساتھ Residential Area سارا نظر

آتا ہے، یہ ساری private lands تھیں اور اس کے بعد مختلف policies رہیں کہ یہاں کے متاثرین کو کس طرح rehabilitate کیا جائے۔ ان policies میں وقت کے ساتھ بہتری لائی گئی۔ پھر ایک time آیا کہ جب 2007ء میں زمین purchase کرنے کے بجائے land sharing اور market price کی بات کی گئی۔

یہ تو ہے جو آپ کے متاثرین ہیں، انہیں accommodate کرنا۔ اس کے علاوہ جوں جوں قیمتیں بلند ہوتی گئیں، residential plus commercial properties کی یہاں پہ بھی کچھ ایسے mafias اور ایسے لوگ جو fraud کرتے ہیں، جیسے میں نے ابھی پہلے بتایا کہ ایک plot کی دو دو registries بنالیں۔ یہ چیزیں سامنے آئیں، تو اب ادارے کے اندر accountability، scrutiny اور اس کا mechanism بہت strong ہے۔ اور اس کے علاوہ one window operation ہے۔ جو بھی لوگ آتے ہیں مختلف کاموں کے لیے، وہ ایک window سے operate ہوتے ہیں۔ اور اب لوگوں کو facilitate کرنے کے لیے مزید اقدامات بھی ہمارے دور میں اٹھائے جا رہے ہیں۔

جناب سپیکر : اس میں overseas کا بھی تو role ہے۔ عون صاحب، آپ بتائیے کہ یہ جو protect کرنا ہے overseas Pakistanis کو وہ کس طرح protect کرتے ہیں؟ جو ابھی question raise ہوا ہے۔

جناب محمد عون ثقلین : شکریہ جناب سپیکر۔ میں اپنے بھائی شہریار آفریدی صاحب کو ایک request کرنا چاہتا ہوں۔ اور دوسرا، پہلا جواب تو یہ ہے کہ سب سے پہلے overseas Courts اسلام آباد میں operational ہیں اور overseas Pakistanis پنجاب کے 36 اضلاع میں یہ Courts بن چکی ہیں اور operational ہیں، جن کی زمین کا کوئی issue ہے، جائیداد کا، جو overseas باہر بیٹھے ہیں، وہ Courts یہاں پہ operational ہیں، پنجاب اور اسلام آباد میں سب operational ہیں۔

اب مجھے یہ بھی request کرنی ہے اور آپ کی اطلاع کے لیے کہ KP میں ابھی تک ہم نے یہ request کی ہے، وہاں پہ ابھی تک ہمارا Bill پڑا ہوا ہے اور ابھی تک under consideration ہے۔ تو میں یہ request کروں گا، آپ اپنے CM صاحب سے کہیں کہ overseas کے لیے اس court کو expedite کریں اور وہاں پہ courts بنانے کی اجازت دی جائے۔ جناب سپیکر! اسلام آباد اور پنجاب میں سارے چھتیس اضلاع میں overseas کی عدالتیں قائم ہیں، وہاں پہ ان کے cases سنے جاتے ہیں۔ اور KP میں ابھی تک ایک بھی عدالت نہیں قائم ہو سکی، اور CM صاحب کے پاس یہ ہمارا Act وہاں پہ موجود ہے، اور ابھی تک ہمیں وہاں سے کوئی مناسب جواب نہیں آیا، اور وہ ابھی تک pending پڑا ہے۔ تو میں یہ گزارش کروں گا اپنے Member صاحب سے۔

جناب سپیکر: آپ مجھے لکھ کے دے دیجیے، وہاں کے سپیکر صاحب کے ساتھ take up کر لیں گے۔

جناب محمد عون ثقلین: میں یہ بھی عرض کردوں کہ سندھ میں ابھی تکoperational نہیں ہو سکا۔ میں پیپلز پارٹی کے بھائیوں کو requestکروں گا کہCM Sindhصاحب کو بھی کہیں۔

جناب سپیکر: وہ بھی مجھے لکھ کے بھیجیں۔ وہاں کے سپیکر صاحب سے بھی کہیں گے۔Becauseوہاں legislation checkہو رہی ہے، وہ وہاں expediteکرالیں گے۔ اگلا سوال محمد سعد اللہ صاحب، موجود نہیں ہیں۔ ڈاکٹر شرمیلا فاروقی صاحبہ۔

ڈاکٹر شرمیلا فاروقی: شکریہ، جناب! سوال نمبر60۔

PRIVATE HAJJ GROUPS

60. * Dr. Sharmila Faruqui:

Will the Minister for Defence be pleased to state:

a) how will the national carrier, transport over the 55,000 pilgrims through 191 special flights from seven cities including Faisalabad, after a four years hiatus, with the 49,000 under the Government scheme and over 6,000 under private Hajj groups;

b) what contingency measures are being adopted to ensure the smooth operations;

c) whether road to Makkah has been expanded to Lahore in addition to Karachi and Islamabad, benefiting over 95,000 pilgrims with immigration clearance at departure; and

d) what coordination exists among the Pakistan International Airlines (PIA), the Ministry of Religious Affairs and the Saudi Arabia authorities to ensure all the 55,000 pilgrims receive e-SIM cards, modern tents and high-speed train services during the operation continuing unit 21st May, 2020?

Minister for Defence (Khawaja Muhammad Asif): (a) PIA successfully conducted the Pre-Hajj Flight Operation 2026 from 19th April to 21st May, 2026, transporting 53.343 pilgrims through 210 special bights front eight embarkation stations. Of the total pilgrims, 49,020 (91.8%) travelled under the Government Hajj Scheme and 4.323 (8.2%) under the Private Hajj Scheme. The operation achieved an overall on-time performance of 96.5%, reflecting efficient planning and execution.

(b) To ensure smooth operations, PIA implemented comprehensive contingency measures, including deployment of standby aircraft, reserve cockpit and cabin crew, enhanced engineering support, dedicated Hajj operational control teams, and close coordination with the Ministry of Religious Affairs, Civil Aviation Authority, airport operators and Saudi authorities. As a result, only 4% of flights experienced delays, while 96% operated on time or ahead of schedule.

(c) For Hajj 2026, the initiative has been extended to Lahore, in addition to Islamabad and Karachi, enabling eligible pilgrims to departing from these airports to complete Saudi immigration formalities before departure from Pakistan, thereby facilitating a smoother arrival process in Saudi Arabia.

(d) PIA maintained close coordination with the Ministry of Religious Affairs and the relevant Saudi authorities to ensure smooth execution of the flight operation. However, services such as e-SIM cards, accommodation (modern tents)**,** Haramain High-Speed Train and other in-Kingdom Hajj arrangements are managed by the Ministry of Religious Affairs and the Saudi authorities, while PIA's responsibility is to provide safe, reliable and timely air transportation.

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary please.

ڈاکٹر شرمیلا فاروقی: سر! Ministry جواب دے رہی ہے کہ جو ان کے flight operations تھے Hajj کے، وہ 96% were on time and efficient لیکن 4 فیصد flights میں delays ہوئی ہیں۔ سر! میرا سوال یہ ہے کہ 55300 جو pilgrims تھے، ان کی 96% اگر flights لے لیں جو کہ 210 بنتی ہیں تو تقریباً کوئی 10 flights میں delays آئے ہیں اور اُن کی cancellations ہوئی ہیں۔ Which means کہ تقریباً 3 سے 4 ہزار pilgrims کو تکلیف پہنچی ہے۔ میرا سوال منسٹر صاحب سے یہ ہے کہ ان میں سے جتنی flights delay یا cancel ہوئی ہیں، ان کی کیا وجوہات تھیں؟ یہ جو pilgrims حج پہ گئے ہوئے تھے، ان میں سے کتنے لوگوں کو اس حوالے سے compensation اور facilitation دی گئی ہے؟

جناب سپیکر: پارلیمانی سیکرٹری اسامہ سرور صاحب۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے دفاع (راجہ اسامہ سرور): جی Sir! honourable Parliamentarian کے سوال کا جواب ہے کہ اس میں ہماری total ایک flight جدہ سے delay ہوئی تھی اور وہ بھی technical reasons کی وجہ سے چار flights کا schedule upset ہوا تھا کہ جو بعد میں recover کر لیا گیا تھا۔ یہ complaint منسٹر صاحب کو بھی register ہوئی ہے اور inspection بھی کی جا رہی ہے کہ اس کے جو consequences تھے، اس پہ کس کس کو on board رکھ کے Board کے آگے meeting کے لیے پیش کیا جائے گا۔

جناب سپیکر: جی، نعیمہ کشور خان صاحبہ on supplementary ۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب! اگر ہم دیکھیں تو کئی سال سے حج operation بہتر ہو رہا ہے اور لوگ سرکاری حج کی طرف زیادہ آ رہے ہیں بہ نسبت private کے۔ اگر وزارت مذہبی امور اس کو بہتر کر رہی ہے تو سب سے زیادہ complaints اس دفعہ PIA کی آئی تھیں اور 24 گھنٹے نہیں بلکہ 30,35 گھنٹے میرے اپنے لوگ اس میں پھنسے رہے اور صرف مکہ سے نہیں مدینہ سے بھی جو flights آئی تھیں ان کے لوگ بھی ہوٹل سے لے کے پھر ادھر پڑے رہے اور دو تین دن انہوں نے airport پہ گزارے تھے۔ PIA تو ویسے بھی privatize ہو گیا ہے، دوسری flights کو بھی آپ ذرا شامل کریں۔ تاکہ Competition ہو اور بہتری آئے اور حاجیوں کو ان مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ کیونکہ وہ یہی کہتے ہیں کہ ان کے انتظامات اچھے نہیں ہیں۔ ان کو یہ نہیں پتہ کہ flight کی وجہ سے ہے، مذہبی امور کی وجہ سے نہیں ہے۔ اگر اتنا اچھا حج کروائیں اور پھر آتے جاتے ہوئے اتنا خوار کریں تو میرے خیال میں یہ بڑی زیادتی ہے حاجیوں کے ساتھ۔ دوسری airlines کو حج آپریشن میں شامل کرنے کے لیے آپ کیا کر رہے ہیں؟

جناب سپیکر: پارلیمانی سیکرٹری اسامہ سرور صاحب۔ ایک سیکنڈ، اسامہ صاحب۔ Minister for Defence صاحب۔

وزیر برائے دفاع (خواجہ محمد آصف): شکریہ، جناب سپیکر! میں نے intervene اس لیے کیا ہے کہ بڑا genuine سوال ہے اور suggestion بھی ٹھیک ہے۔ بجائے اس کے کہ حاجیوں کی ایک captive market دی جائے ایک ہی airline کو یا اس کو large chunk دیا جائے اور باقیوں کو، جس طرح پنجابی میں کہتے ہیں چونگے میں سیٹیں بانٹی جائیں۔ آگے جب بھی یہ سلسلہ شروع ہو گا تو میں request کروں گا کہ یہ basically کام حج والے کرتے ہیں۔ یہ allocation کوٹے کی airlines کو کہ across the board باقی جو airlines ہیں چار، پانچ دیگر پاکستانی airlines ہیں جو operate سعودی عرب میں کر رہی ہیں، Air Blue، Air Sial ہے، Fly Jinnah وغیرہ کر رہی ہیں۔ ان میں کوٹہ بانٹا جائے تاکہ یہ load اور لوگوں کا کھجل خراب ہونا کم ہو۔ یہ بالکل صحیح بات کر رہی ہیں۔ تو میرا خیال ہے کہ جب اگلے حج کا سلسلہ شروع ہو گا تو یہ allocation زیادہ equitable ان شاءاللہ تعالیٰ کی جائے گی۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر : سردار یوسف صاحب، Minister for Religious Affairs۔آپ بھی اس پہ کچھ suggest کرنا چاہیں گے ؟

وزیر برائے مذہبی امور بین المذاہب ہم آہنگی (سردار محمد یوسف زمان): شکریہ، جناب سپیکر! صرف PIA نہیں ہے بلکہ Saudi Airline کے ذریعے بھی حاجی جاتے ہیں اور PIA اور اس کے ساتھ دوسری جو Airlines ہیں، Air Blue اور Air Sial کے ذریعے بھی جاتے ہیں، لیکن ان کی اتنی capacity نہیں ہے۔ پچھلے سال بھی ہم نے حاجی تقسیم کیے تھے، لیکن PIA اور Saudi Airline کو 50-50 دیا جاتا ہے۔ جس طرح ابھی بہت سارے questions اٹھے ہیں، انہوں نے accept بھی کیا ہے کہ delays ہوئی ہیں۔ ہماری طرف سے بھی ہدایات رہی ہیں ہمیشہ سے کہ کوئی flight delay نہ ہو اور حاجیوں کو کوئی تکلیف بھی نہ ہو اور جس طرح حاجیوں کو مسئلہ پیش آیا تھا تو ہم نے بروقت متعلقہ airline کو پابند کیا تھا۔ میں نے Minister صاحب سے رابطہ کر کے یہ بات کی تھی۔

جناب سپیکر : شکریہ۔ شگفتہ جمانی صاحبہ on supplementary ۔

محترمہ شگفتہ جمانی : بہت شکریہ، جناب سپیکر! جہاں تک airline کا تعلق ہے، جس طرح بات ہوئی کہ تین، چار airlines کو حجاج distribute کر کے دیے جاتے ہیں، لیکن جو PIA کا حال سعودی عرب میں ہے، چاہے وہ عمرہ یا حج کا time ہو، اپنی مرضی سے یہ لوگ flight کو change کر لیتے ہیں۔ کہتے تو یہی ہیں کہ پہلے بڑی flight لگی ہوئی تھی، اب چھوٹی flight ہو گئی ہے، اس لیے جو confirm passengers ہوتے ہیں، ان کو وہاں wait کرنا پڑتا ہے۔ چلیں ٹھیک ہے، آپ کا کوئی technical fault ہے جو کہ ہمیشہ PIA میں technical fault کا نام دے کے اپنی غلطی پہ پردہ ڈال دیتے ہیں، لیکن جو حاجی اور عمرہ زائرین وہاں پہ suffer کرتے ہیں، اس دفعہ 48, 48 گھنٹے حاجی airport پہ لاوارثوں کی طرح پڑے رہے ہیں۔۔۔

جناب سپیکر: PIA airline کی وجہ سے ؟

محترمہ شگفتہ جمانی : بالکل airline کی وجہ سے، کیونکہ حاجی ہوٹل چھوڑ کر آئے تھے اور وہاں پہ ان کا کوئی وارث نہیں تھا، نہ کھانے پینے کا اور نہ رہائش کا کوئی بندوبست تھا۔ اگر PIA کی flight technical بنیاد پہ خراب ہوتی ہے یا time پہ حاجیوں کو نہیں اٹھاتی تو کم از کم ان کو accommodation تو دیں۔ پوری دنیا میں accommodation دی جاتی ہے passengers کو، ماسوائے PIA کے۔ کوئی accommodation نہیں دی جاتی، لاوارثوں کی طرح پاکستانی حاجی رُل رہا ہوتا ہے، بھوک سے مر رہا ہوتا ہے اور اس کے پاس پیسے بھی نہیں ہوتے کہ وہ اپنا کھانا خود کھا سکے۔

جناب سپیکر : پارلیمانی سیکرٹری صاحب۔

راجہ اسامہ سرور: honourable Member Sir! کا concern بجا ہے۔ میں تھوڑا سا میڈم کو brief کرنا چاہوں گا۔ ہم 50 ہزار حاجیوں کو لے کے گئے ہیں۔ بالکل میڈم صحیح کہہ رہی ہیں۔ تین، چار ہزار حاجیوں کو مشکلات ضرور پیش آئی ہیں، مگر سر! وہ میں نے میڈم اور آپ کو بھی گوش گزار کیا ہے کہ ایک flight جو ہماری جدہ سے take off کرنی تھی، وہ technical bases پہ ground ہو گئی تھی، اس کو cover کرنے کے لیے چار flights ہماری late ہوئیں اور mismanagement ہوئی۔ مگر ایسے بالکل نہیں ہوا۔ ادھر جو لوگ wait کر رہے تھے، تقریباً 40 گھنٹے، ان کو دو time کا کھانا دیا گیا، چائے دی گئی۔ آپ کو پتہ ہے کہ اس کو cover کرنے کے لیے ہمیں time لگا۔ تو یہ reason ہے۔

جناب سپیکر : ٹالپر صاحب، آپ بھی حج پہ گئے تھے؟

میر منور علی ٹالپر: میں ایک اور مسئلے کی طرف آپ کی توجہ مرکوز کرنا چاہتا ہوں۔ آج کا واقعہ ہے، سر! کراچی airport پر آپ یقین کریں کہ میں وہاں toilet use کرنے گیا۔ جب bathroom میں گیا تو میں نے عجیب ایک چیز دیکھی۔ وہاں ایک بہت بڑا ٹب پڑا ہوا تھا اور ٹب جو تھا اس کے اندر جیسے یہ لوگ بیچتے ہیں یہاں راستے میں بچوں کے لیے رکھتے ہیں، پلاسٹک کے ٹب۔ کچھ ایک دو foreigners بھی بیچارے اندر آ گئے۔ اب وہ ٹب میں پانی بھی صحیح نہیں تھا، گندا تھا۔ تو یہ ہماری حالت ہے ۔ آپ Dubai airport پر یا کہیں بھی جائیں دنیا میں، آپ airports کے toilets, bathrooms دیکھیں۔ Karachi airport کی بات کر رہا ہوں۔ سر ! مجھے بڑی embarrassment ہوئی ہے۔

جناب سپیکر: اسامہ صاحب پارلیمنٹری سیکرٹری۔

راجہ اسامہ سرور: سر! مجھے آواز ایک تو صحیح نہیں آئی مگر جو ان کا concern ہے سر Karachi airport پہ question بھی ہمارے پاس آیا ہوا ہے اور already کافی کام ہو بھی رہا ہے۔

جناب سپیکر: انہوں نے جو بات کی ان سے پوچھ لیجیئے specific کیا تھا۔ آپ senior Member ہیں، ان سے پوچھ لیں and if you can rectify that so we should do۔

ANNOUNCEMENT *REG*: THE PRESENCE OF STUDENTS AND FACULTY MEMBERS FROM NATIONAL OFFICERS ACADEMY, ISLAMABAD IN THE GALLERY

جناب سپیکر: میں آپ لوگوں کی توجہ چاہ رہا ہوں کہ آج ہمارے پاس students and faculty members National Officers Academy, Islamabad کے Visitors' Gallery میں تشریف لائے ہیں۔ We welcome them to the Parliament.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

جناب سپیکر: اگلا سوال، حمید حسین صاحب۔

جناب حمید حسین: شکریہ، جناب سپیکر! Question کا تو مجھے answer آیا ہے۔ سوال نمبر 61۔

STEPS TAKEN TO PROTECT PAKISTANIS ABROAD AND PREVENT ILLEGAL EVICTION

61. * Mr. Hameed Hussain:

Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to state:

- **a) the number of Pakistanis deported from Gulf Countries particularly Saudi Arabia, the United Arab Emirates, Qatar, Kuwait, Bahrain and Oman since 1st March, 2026;**
- **b) the country-wise the number of Pakistanis deported during the said period;**
- **c) the main reasons for the eviction of aforesaid workers; and**
- **d) the steps being taken by the Government to protect Pakistanis abroad and prevent illegal eviction?**

Minister for Interior and Narcotics Control (Senator Syed Mohsin Raza Naqvi): (a) Total Deportees are 21,951.

(b) Country-wise deportee is attached (Annex-A).

(c) Deportation reason wise summary is attached (Annex-B).

(Annexures have been placed in the National Assembly Library.)

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary please.

جناب حمید حسین: سر! اس میں یہ ہے کہ میں نے total deportees کا ایک question کیا تھا کہ کتنے ہیں، انہوں نے جو جواب دیا ہے تو سر! یہ بالکل tentative ہے۔ انہوں نے ٹوٹل 21000 or 22000 show کیا ہوا ہے۔ جس میں میرے صرف Kohat Division کے تقریباً 30000 سے زیادہ بندے deport ہوئے ہیں۔ تو یہ دو تین questions کے جو انہوں نے جواب دیے ہیں وہ بالکل tentative ہیں اور اس میں سر! چوتھا میرا جو question تھا کہ The steps being taken by the Government to protect Pakistanis abroad and prevent illegal eviction. سر! اس کا جواب انہوں نے نہیں دیا اور دوسری

بات یہ کہ پچھلے سیشن میں میں نے پوری detail آپ کی instructions پر دی تھی۔ جس میں سارے assets بھی اور نام بھی جو ہمیں ملے تھے، وہ میں نے پوری list دی تھی، آپ نے بعد میں کہا کہ پارلیمانی منسٹر کو بھی دیں، ان کو بھی میں نے list دی تھی۔ جس کا ابھی تک مجھے کوئی جواب نہیں ملا اور لوگ انتظار میں ہیں اور ساتھ ساتھ میں یہ بھی بتادوں کہ ادھر حالات یہ ہیں کہ جن کے ویزے ابھی ختم ہو رہے ہیں تو کل بھی ہماری بات ہوئی تھی تو ان کی renewal وہ نہیں کر رہے اور ان کے کاروبار ہیں ادھر سر! وہ یہ بھی face کر رہے ہیں ادھر ان کے لیے problem ہے کہ ان کے جو ویزے ہیں وہ یونہی ادھر expire ہو جاتے ہیں تو ان کی renewal وہ نہیں کرتے بلکہ ان کو بھی deport کر رہے ہیں۔ اور ساتھ ساتھ میں یہ کہتا ہوں کہ جن لوگوں کے assets ادھر رہ گئے تھے یا جن لوگوں کے جو نقصانات ہوئے ہیں، اس کا جواب اس میں انہوں نے نہیں دیا۔

Mr. Speaker: Minister for Parliamentary Affairs.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: سر! یہ ایک ایسا issue ہے جس پہ پہلے بھی ایوان میں کافی دفعہ بات ہو چکی ہے۔ لیکن جو honourable Member کہہ رہے ہیں کہ ان کے پاس تعداد زیادہ ہے اور جو اس جواب میں تعداد بتائی گئی ہے، جن لوگوں کو deport کیا گیا ہے وہ نمبر کم ہے تو میں گزارش کرتا ہوں کہ government کے پاس وہ figures آتی ہیں کہ جو لوگ وہاں پہ arrest ہوتے ہیں اور arrest ہونے کے بعد انہیں deport کر کے یہاں ہماری authorities کے حوالے کیا جاتا ہے، وہ ہمارے record پر ہوتے ہیں۔ اگر کوئی لوگ اپنی مرضی سے یا کسی اور بنیاد پہ واپس آتے ہیں یا اپنے passport پہ آتے ہیں تو ان کو ہم deport تصور نہیں کرتے اور اس list میں ان کے نام یا ان کی تعداد شامل نہیں ہوتی۔ یہ travel document پہ لوگ جو deport ہوتے ہیں وہ matter کرتے ہیں۔ وہاں کی government انہیں custody میں لیتی ہے اور اس کے بعد وہ یہ صرف پاکستان کے لیے نہیں جتنے بھی nationals, gulf countries میں جن ممالک کا نام ابھی یہاں پہ لیا گیا ہے کہ Saudi Arabia, UAE, Qatar, Kuwait, Bahrain and Oman ان تمام ممالک میں policy یہی ہے کہ کوئی بھی غیر ملکی اگر ان کے قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے یا کسی بھی اور act میں اگر arrest ہوتا ہے تو پھر اس کی embassy سے رابطہ کر کے travel documents بنائے جاتے ہیں اور وہ اپنے ملک واپس بھیج دیا جاتا ہے۔ وہ تعداد ہمارے پاس آتی ہے سر! 1st March, 2026 سے ابھی تک 21951 لوگ deport ہوئے ہیں ان تمام Gulf countries سے جن کا میں نے ابھی نام لیا ہے۔ باقی سر! جو جن جن جرائم کی وجہ سے لوگ deport ہوئے ہیں ان کی بھی ساری list ہے۔ Area wise بھی ساری list جواب میں موجود ہے۔ اگر honourable Member چاہیں گے تو میں وہ بھی پڑھ کے انہیں بتا دوں گا کہ بحرین اور کویت سے کتنے لوگ deport ہوئے اور اس کے علاوہ جرائم جو ان کے تھے کوئی absconder تھے، کوئی illegal entry والے تھے، black list ہوئے، drugs, visa violations, beggars and entry refused اور immigration laws کی violations ہیں، یہ سارے وہ جرائم ہیں جن کی وجہ سے لوگ deport ہوئے ہیں۔

جناب سپیکر: میں suggest یہ کروں گا کہ حمید صاحب کا یہ repeatedly issue آتا رہتا ہے۔ تو اس کے بعد آپ ان کی طلال صاحب سے meeting کرائیں تاکہ at least وہ اپنی constituency کے لوگوں کو handle کر سکیں۔ تو ان کی ملاقات کروا دیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: میں سر! ان کی ملاقات بھی کروا دیتا ہوں اور اس کے علاوہ اس سلسلے میں، میں آخری جملہ کہہ دیتا ہوں کہ Ministry of Foreign Affairs کے بھی یہ top agenda پہ ہے کہ وہ لوگ جو وہاں سے آرہے ہیں ان کا اگر وہاں پر کوئی business ہے اور ان کے assets ہیں اس کے حوالے سے policy بنانا اور plus ان تمام ممالک سے رابطہ کرنا تاکہ illegal طریقے سے کوئی بھی پاکستانی وہاں سے deport نہ ہو اور آخری بات یہ ہے کہ جب سے امریکہ ایران war start ہوئی ہے، اس کے بعد سے deportees کی تعداد سب سے زیادہ ہے اور اس کی وجہ وہ administrative actions ہیں جو ان ممالک نے اپنے ملکوں میں لیے ہیں۔ شکریہ، سر۔

Mr. Speaker: Aliya Kamran Sahiba on supplementary please.

محترمہ عالیہ کامران: شکریہ۔ سر! میں نے پچھلے سوال پر button press کیا تھا لیکن میرا سوال آگیا ہے تو اگر آپ permission دیتے ہیں تو میں supplementary پوچھ لیتی ہوں۔

جناب سپیکر: نہیں اسی پر، وہ آگیا ہے وہ بعد میں کرینگے پھر ان شاءاللہ۔ اگلا سوال ثمینہ گھرکی صاحبہ۔

